The Absolute Reality

www.quran4u.com

يَوْمَ تُبْلَى السَّرَائِرُ فَمَا لَهُ مِنْ قُوَّةٍ وَلَا نَاصِرٍ

جس دن دلوں کے بھید جانچے جائیں گے تو انسان کی
کچھ پیش نہ چل سکے گی اور نہ کوئی اس کا مددگار ہوگا

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary
(فتح محمد جالندهري)

سورۃ الطّارق

Urdu Translation اردو ترجمه

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

آسمان اور رات کے وقت آنے والے کی قسم	.1
اور تم کو کیا معلوم کہ رات کے وقت آنے والا کیا ہے؟	.2
وہ تارا ہے چمکنے والا	.3
کہ کوئی متنفس نہیں جس پر نگہبان مقرر نہیں	.4
تو انسان کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کاہے سے پیدا ہوا ہے	.5
وہ اچھلتے ہوئے پانی سے پیدا ہوا ہے	.6
جو پیٹھ اور سینے کے بیچ میں سے نکلتا ہے	.7

بیشک خدا اس کے اعادے (یعنی پھر پیدا کرنے) پر قادر ہے	.8
جس دن دلوں کے بھید جانچے جائیں گے	.9
تو انسان کی کچھ پیش نہ چل سکے گی اور نہ کوئی اس کا مددگار ہوگا	.10
آسمان کی قسم جو مینہ برساتا ہے	.11
اور زمین کی قسم جو پھٹ جاتی ہے	.12
کہ یہ کلام (حق کو باطل سے) جدا کرنے والا ہے۔	.13
اور بیہودہ بات نہیں	.14
یہ لوگ تو اپنی تدبیروں میں لگ رہے ہیں	.15
اور ہم اپنی تدبیر کر رہے ہیں	.16
تو تم کافروں کو مہلت دو بس چند روز ہی مہلت دو۔	.17

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com